© rasailojaraid.com



ناشر : اسلامی کتب خانہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی فون: ۴۹۲۷۱۵۹

قیمت وصفحات: قیمت درج نہیں، صفحات ۱۹۲

مولانا سعید احمد صاحب کسی تعارف کے محتاج نہیں، کافی عرصہ سے سیرت النبیؐ پر آپ کی تصنیف ومضامین شائع ہورہے ہیں، یہ دل آویز کتاب بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے، اس میں کوئی شک نہیں، بچوں کے لئے سیرت النبیؐ کے حوالہ سے بہت کم ذخیرہ تیار کیا گیا ہے۔

بچوں کے لئے جو مواد شائع کیا گیا ہے وہ بچوں کے معیار پر پورا نہیں اترتا ہے، بچوں کے لئے بچوں کے منہج پر کتاب کی تیاری کی عہد حاضر میں بہت ضرورت ہے۔ منہج سے مراد دلچسپ واقعات، مختصر کتاب، آسان اسلوب جو زیادہ سے زیادہ چھوٹے جملوں پر مشتمل ہو، جس میں آسان الفاظ واصطلاحات کا استعمال کیا جائے اور کتاب کو زیادہ سے زیادہ خوبصورت وجاذب نظر بنایا جائے۔

مولانا سعید احمد صدیقی صاحب نے اس میں سے بہت سی شرائط کو پورا کرنے کی کوشش کی ہے۔ مناسب ہوگا اگلی طباعت میں حسن ترتیب کو ملحوظ رکھیں۔ مثلاً پیارے نبی اور حلیمہ سعدیہ اسے آغاز میں آنا چاہئے، اسی طرح پیارے نبی اور انبیاء جو کہ طلباء کی معلومات میں اضافہ کے لئے شامل کیا گیا ہے۔ براہ راست کتاب کا موضوع نہیں، اسے بالکل آغاز میں ہونا چاہئے اور کتاب میں متعدد مقامات پر جو مشکل الفاظ شامل ہوگئے، ان کے متبادل سہل الفاظ شامل کئے جائیں۔ جہاں ایسے الفاظ کا استعمال ضروری ہو وہاں بریکٹ یا حواشی میں وضاحت کا اضافہ کردیا جائے۔ مثلاً صفحہ نمبر ۸۰ر پر عوالی کا لفظ، ص ۸۱ر پر فرط محبت اور کمسن نواسی وغیرہ، ترجمہ کا اہتمام بھی ہونا چاہئے، مرکزی ہیڈنگ کا عنوان ذیلی ہیڈنگ میں بھی نمایاں رہنا چاہئے۔

ان معمولی تبدیلیوں سے کتاب کو اور زیادہ مفید بنایا جاسکتا ہے۔ یہ کتاب اس لائق ہے کہ اسے بچوں میں فروغ دیا جائے اور پڑھوایا جائے، اللہ تعالیٰ مصنف سے مزید ایسی خدمات لیتا رہے، اور اس خدمت کو قبول فرمائے۔

© rasailojaraid.com